کل نمبر:25 **ٹیسٹ اسلامیات (دوم)** **وقت:40 منٹ**

دوسرا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس**: دہرائی ٹیسٹ

سوال نمبر1: درست جواب کا انتخاب کریں۔ (5)

(i) **حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ پر نازل ہونے والی کتاب ہے:**

(ا)	قرآن مجید	(ب)	زبور	(ج)	انجیل

(ii) **اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتابیں نازل فرمائیں۔**

(ا)	2	(ب)	4	(ج)	8

(iii) **انجیل نازل ہوئی:**

(ا)	حضرت موسیٰ علیہ السلام پر	(ب)	حضرت داؤد علیہ السلام پر	(ج)	حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر

(iv) **قیامت تک ہدایت کا سرچشمہ ہے۔**

(ا)	زبور	(ب)	انجیل	(ج)	قرآن مجید

(v) **آخری آسمانی کتاب ہے۔**

(ا)	زبور	(ب)	قرآن مجید	(ج)	انجیل

سوال نمبر2: مناسب الفاظ لگا کر خالی جگہ پُر کریں۔ (5)

(i) اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ____________ آسمانی کتابیں نازل فرمائیں۔

(ii) اللہ تعالیٰ نے کچھ انبیائے کرام علیہم السلام پر ____________ بھی نازل فرمائے۔

(iii) قرآن مجید ____________ کا سرچشمہ ہے۔

(iv) ہم ان تمام آسمانی کتابوں پر ____________ رکھتے ہیں۔

(v) جن انبیائے کرام علیہم السلام پر کتابیں نازل ہوئیں انھیں ____________ بھی کہتے ہیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔ (2×5=10)

(i) چار آسمانی کتابوں کے نام لکھیں۔

(ii) ان انبیائے کرام علیہم السلام کے نام لکھیں جن پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں۔

(iii) آخری آسمانی کتاب کس نبی پر نازل ہوئی؟

(iv) ہدایت کا سرچشمہ کون سی کتاب ہے؟

(v) سورۃ البقرہ کی آیت 4 کا ترجمہ لکھیں۔

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھیں۔ (2.5×2=5)

(i) قرآن مجید کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

(ii) فرشتوں پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟